# 126404- سڑک پر چلتے ہوئے خاوند اور بیوی کا ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر چلنا

## سوال

کیا خاوند اور بیوی کا ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر سڑک پر چلنا جائز ہے ؟

## پسندیدہ جواب

جب خاوند اور بیوی راستے یا سڑک پر چل رہے ہوں انہیں حشمت و وقار اختیار کرنا چاہیے ، اور خاص کر جب وہ دینی احکام پر عمل کرنے والے ہوں تو دینی احکام کا التزام کریں ، کیونکہ عام طور پر دین کا التزام کرنے والوں کو نمونہ سمجھتے ہوئے ان کی عادات کو اپنانے کی کوشش کرتے ہیں ، اور انہیں احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں ، اس لیے اس کا خیال کرنا ضروری ہے .

اصل میں تو راہ چلتے ہوئے اپنی بیوی کا ہاتھ پکڑنے میں کوئی حرج والی بات نہیں ، بلکہ بعض اوقات تو ایسا کرنے میں ہی مصلحت ہوتی ہے ، مثلا اگر سڑک پر رش ہو تو ایسا کرنا چاہیے

لیکن اس طرح کے معاملات میں جہاں انسان رہتا ہے وہاں کے عرف کا خیال کرنا چاہیے ، اگر تو وہاں بسنے والے اہل مروت لوگوں کی یہ عادت ہے تو پھر ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں .

اور اگر وہاں ایسا کرنا خلاف مروت سمجھا جاتا ہو یا پھر اس کے ادب و اخلاق پر تنقید کرنے کا باعث بنے یعنی یہ فعل فاسق و فاجر قسم یا پھر کفار قسم کے لوگ کرتے ہوں تو پھر خاوند اور بیوی کے لیے لوگوں کے سامنے ایسا کرنا جائز نہیں .

لیکن یہ ہے کہ عرف عام میں اگر بیوی کی ہاتھ پکڑنا مقبول ہو جیسا کہ اکثر لوگوں کی عادت ہے ، تو پھر عرفی طور پر بیوی کا ہاتھ پکڑنا مقبول ہوگا ، جو کہ تعاون و مدد کرنے اور اپنے ساتھ لے کر چلنے پر دلالت کرتا ہے ، اور یہ چیز ان فاسق و فاجر قسم کے افراد سے مختلف ہے جو اپنی معشوق کا ہاتھ تھام کر چلتے ہیں ، جو کہ ہاتھ کے زنا کی ایک قسم ہے ، اس لیے مباح کام میں حد سے تجاوز کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے ، یا پھر اس سے نکل کر فاسق و فاجر قسم کے افراد کی مشابہت اختیار کرنے سے اجتناب کیا جائے .

مزید فائدہ کے لیے آپ سوال نمبر (6103) کے جواب کا مطالعہ کریں .

واللہ اعلم